الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی سید المرسلین اما بعد فاعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# معاون معروضی عبارات برائے کتاب نزھۃ النظر فی توضیح نخبۃ الفکر

نخبۃ الفکر کے مصنف کا نام احمد بن علی ہے

المحدث الفاضل قاضی ابو محمد کی کتاب ہے

الکفایہ قوانین روایت سے متعلق کتاب ہے

کتاب "نخبۃ الفکر فی مصطلح اھل الاثر کا نام "ابن حجر" نے رکھا

فن حدیث کے علماء کے نزدیک خبر حدیث کے مترادف ہے

جو تاریخ وغیرہ سے شغل رکھتا ہو اسے اخباری کہا جاتا ہے

جو سنت نبوی کا شغل رکھتا ہو اسے محدث کہتے ہیں

طرق "طریق" کی جمع ہے

فعل کی جمع قلت "افعلۃ" سے آتی ہے

طریق متن کی حکایت کو اسناد کہتے ہیں

حدیث متواتر کی چار شرائط ہیں

"جھوٹ" پر اتفاق کا محال ہونا" حدیث متواتر کی شرط ہے نیز ہر متواتر مشہور ہو گی

خبر متواتر علم یقینی کا فائدہ دیتی ہے

وہ اعتقاد جازم جو واقع کے مطابق ہو وہ یقین ہے

متواتر کے ذریعے علم اس شخص کو بھی حاصل ہو جاتا ہے جسے نظر و فکر کی صلاحیت نہیں

علم ضروری ہر سننے والے کو حاصل ہو جاتا ہے علم نظری صرف اسی کو حاصل ہوتا ہے جس میں نظر و فکر کی صلاحیت ہو

متواتر میں رجال پر بحث نہیں کی جاتی بلکہ بلا بحث عمل واجب ہوتا ہے

علم اسناد میں حدیث کی صحت و ضعف پر بحث کی جاتی ہے

جو حدیث دو سے زائد راویوں سے منقول ہو محدثین کے نزدیک مشہور ہے

ائمہ فقہاء کی اک جماعت کی رائے کے مطابق مشہور حدیث کو مستفیض بھی کہا جاتا ہے

مستفیض وہ ہے جسے روایت کرنے والے ابتداء اور انتہاء دونوں طرف برابر ہوں

جس حدیث کے روایت کرنے والے دو ہوں اس سے کم نہ ہوں وہ عزیز کہلاتی ہے

غریب وہ حدیث ہے جس کی روایت میں شخص واحد منفرد ہو خواہ سند کے کسی بھی مقام میں ہو

لغت کے مطاق خبر واحد وہ ہے جس کی روایت ایک شخص کرے

اصطلاح میں خبر واحد وہ ہے جس میں تواتر کی شرط جمع نا ہو

مقبول وہ ہے جس پر عمل کرنا جمہور کے نزدیک واجب ہے

خبر واحد تین اقسام مشہور، عزیز ار غریب پر مشتمل ہے ص

صدق خبر کا علم اسے حاصل ہو گا جو متبحر فی علم الحدیث ہو گا

متبحر فی علم حدیث سے حاصل ہونے والی صدق خبر کی تین اقسام ہیں

غرابت اصل سند میں ہو گی یعنی اس مقام میں جہاں سند دائر ہوتی ہے اور لوٹتی ہے

غرابت کی دو قسمیں ہیں فرد مطلق اور فرد نسبی

فرد نسبی کا نام نسبی اس لیے رکھا گیا ہے کیونکہ اس میں تفرد شخص معین کی نسبت کے اعتبار سے ہوتا ہے

فرد کا اکثر اطلاق فرد نسبی پر ہوتا ہے غریب کا اکثر اطلاق فرد مطلق پر ہوتا ہے

منقطع اور مرسل کا استعمال فعل مشتق کے طور پر ہو تو یہ فقط ارسال کیلئے استعمال ہوتے ہیں

خبر واحد جسکی نقل کرنے والا عادل اور کامل الضبط کے ساتھ ہو، شاذ اور معلل نا ہو صحیح لذاتہ کہلاتی ہے

صحیح لذاتہ میں نقصان کی تلافی کثرت طرق کے ذریعے کی گئی ہو تو وہ صحیح ہے لیکن لذتہ نہیں

جہاں صحیح لذاتہ کے نقصان کی تلافی نا کی گئی ہو وہ "حسن لذاتہ" ہے

عدل سے مراد وہ ملکہ ہے جو التزام تقوی اور مروت پر قام رکھے

تقوی سے مراد اعمال سیںیہ سے بچنا ہے

ضبط سے مراد یہ ہے کہ سنی ہوئی بات اسطرح یاد رکھے کہ جب چاہے اسکا استحضار کر سکے

ضبط کی دو قسمیں ہیں ضبط صدر اور ضبط کتاب

ضبط کتاب کا مطلب سننے کے بعد محفوظ کر لینا ہے

متصل وہ ہے جسکی سند سقوط سے محفوظ ہو

لغت میں معلل وہ ہے جس میں کوئی علت ہو

اصطلاح میں معلل وہ ہے جس میں نقصان پہنچانے والی مخفی علت ہو

لغت میں شاذ متفرد کو کہتے ہیں

اصلاح میں شاذ وہ ہے جس میں راوی روایت میں اپنے اوثق کی مخالفت کرے

جسکی روایت عدالت، ضبط اور تمام صفات میں بلند مرتبے پر ہو تو یہ رواۃ دوسرے کے مقابلے میں اصح ہوں گی

مرتبہ اولی وہ ہے جس پر بعض ائمہ نے اصح الاسانید کا اطلاق کیا ہے

وہ اوصاف جن پر صحت ک مدار ہے بمقابلہ مسلم کے بخاری میں بدرجہ اتم موجود ہیں

عدالت اور ضبط کے اعتبار سے بخاری شریف کا راجح ہونا اسوجہ سے ہے کہ وہ راوی جن پر کلام کیا گیا ہے وہ بخاری شریف کے مقابلے میں مسلم شریف میں زیادہ ہیں

شاذ اور معلل نا ہونے کے اعتبار سے بخاری شریف کا راجح ہونا اس وجہ سے ہے کہ بخاری شریف کی روایت پر کی گئی نقد و جرح مسلم شریف کی روایت کے مقابلے میں کم ہے

علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ امام بخاری علوم اور فن حدیث میں امام مسلم سے بڑے اونچے مرتبے پر ہیں

حدیث اگر شیخین میں سے ایک کی شرط کے موافق ہو تو جو تنہا بخاری کی شرط پر ہو اسے مقدم کیا جائے گا

جو حدیث مسلم شریف میں ہے تواتر سے کم درجے کی ہے لیکن ایسے قرائن نے گھرا ہو جس سے علم یقینی حاصل ہوتا ہو تو یہ بخاری کی تخریج پر مقدم ہو جائے گی جب کہ فرد مطلق ہو

کثرت طرق سے "حدیث حسن" پر "صحیح" کا حکم لگایا جاتا ہے

امام ترمذی وغیرہ کے قول "ھذا حدیث حسن صحیح" کی صاحب نخبۃ الفکر نے تاویلات بیان فرمائی ہیں

امام ترمذی کے نزدیک "حسن غریب" اور "حسن صحیح غریب" میں "حسن" سے مراد وہ روایت جو متعدد طرق سے مروی ہو، شاذ نا ہو اور اسکا راوی متہم بالکذب نا ہو

حسن" اور " صحیح" کی رواۃ کی زیادتی مقبول ہے جبکہ اپنے اوثق کے خلاف روایت نا کی ہو

علماء کی ایک جماعت کے نزدیک صحیح اور حسن کی زیادتی مطلقا مقبول ہے

امام شافعی علیہ الرحمہ نے راوی کی ضبط کی بحث میں فرمایا جب راوی کسی حافظ کے ساتھ روایت میں شریک ہو تو اسکے مخالف نا ہو

# معاون سوالات

متن اور ماتن نیز شرح اور شارح کا نام لکھیں نیزان کے احوال قلمبند فرمائے؟

حضرت علامہ ابن حجر عسقلانی علیہ الرحمۃ نے فن اصول حدیث کا پہلا مصنف کسے قرار دیا؟ 38

کسی ۳ مصنفین کتاب اصول حدیث کے نام مع ان کے کتابوں کے نام تحریر فرمائے؟

نزھۃ النظر اور نخبۃ الفکر کا سبب تالیف بیان کریں؟ 39تا38

نزھۃ النظر کی روشنی میں متن واسناد کی تعریف زینت قرطاس کریں؟ 40

کیا خبر اور حدیث میں کوئی فرق ھے؟ وضاحت کریں؟ 41

خبر متواتر کے بارے میں راویوں کی تعداد ک بارے میں مختلف اقوال تحریر کریں؟ 42

عبارت **انضاف الیہ ان یستوی الامر فیہ فی الکثرۃ المذکورۃ** میں استواسے کیا مراد ھے 42

**فاذا جمع ھذہ الشروط الاربعۃ** خبر متواتر کی شروط اربعہ کی نشاندہی کریں؟ 43

خبر مشھور، عزیز، خبر واحد کے لیے دلیل حصر بیان کریں؟ 44

خبر متواتر اور خبر مشہور میں فرق کریں؟ 43

یقین کسے کہتے ہیں؟ 44

علم بدیہی/ضروری اور علم نظری میں فرق بیان کریں؟ 44

**تواطئھم وتوافقھم** تواطئ وتوافق کا فرق بیان کریں؟" 43

خبر مشہور کا دوسرا نام بتائیں نیز مشہور و مستفیض کا فرق بیان کریں؟ 46

خبر عزیز کی تعرف ووجہ تسمیہ تحریر کریں؟ 48

حدیث غریب کی تعریف مع اقسام بیان کریں؟ 50

نزھۃ النظر کی روشنی میں خبر واحد کا لغوی واصطلاحی معنی بیان کریں؟ 50

خبر واحد میں صفات رد و قبولیت پائے جانے یا نہ پائے جانے کے اعتبار سے اس کی اقسام مع حکم بیان کریں؟ 51

فرد مطلق وفرد نسبی کی تعریف کرتے ہوئے ان کے مابین فرق بیان کریں؟ 56

خبر الاحاد بنقل عدل تام الضبط، متصل السند، غیر معلل وشاذ، ترجمہ کرتے ہوئے عبارت می مذکور ہر ایک صفت کی وضاحت نزھۃ النظر میں کریں؟ 58

صیحیح میں علیا پر کونسی حدیث ہے؟60

مصنف علیہ الرحمۃ نے ابو علی نیشاپوری کے اس قول **ماتحت ادیم السماء اصح من کتاب مسلم** کی کیا تاویل بیان کی؟ 62

بخاری شریف کا مسلم شریف سے راجح ہونا بالدلیل بیان کریں؟ 63

کیا ایک حدیث جمع بین الوصفین ہو سکتی ہے؟ اگر ہاں تو کیسے؟ 66

قد صرح الترمذی بان شرط الحسن ان یروی من غیر وجہ فکیف یقول فی بعض الاحادیث **حسن غریب** عبارت میں مذکورہ اعتراض کا جواب قلمبند کریں؟ 67

شاذ و محفوظ کی تعریف مع امثال بیان کریں؟ 71

معروف و منکر کی تعریف بیان کریں؟ 73

متابعت کی تعریف مع مراتب بیان کریں؟ 73

حدیث شاھد کی تعریف مع امثال بیان کریں؟ 73

مختلف الحدیث کسے کہتے ہیں؟ 75

حدیث **لاعدوی ولا طیرۃ** حدیث **فرمن المجذوم فرارک من الاسد** نزھۃ النظر کی روشنی میں مذکورہ بالا احادیث کے درمیان تطبیق کرتے ہوئے بتائیں اس کا تعلق اصول حدیث کی 76
کونسی اصطلاح سے ہے؟

شاذ و منکر میں فرق تحریر کیجئے 76

جب دو حدیثوں کے درمیان تطبیق ممکن نہ ہو تو کیا کریں گے؟ 77

ناسخ اور منسوخ حدیث کی تعریف مع امثال بیان کریں؟ 78

کسی حدیث کے اسباب رد کیا کیا ہیں؟ 80

تدلیس کا لغوی و اصطلاحی معنی مع سبب بیان کریں؟ 80

مسقوط کے ابتداء و انتہا سند ہونے کے اعتبار سے حدیث کی قسمیں بیان کریں؟ 85

مدلس و مرسل کے درمیان فرق بیان کریں؟ 86

**ومن قال باشتراط اللقاء فی التدلیس** تدلیس میں **لقاء** کا ہونا یا نا ہونا کس طرح پہچانا جائے گا؟ 87

کیا تابعی کی حدیث مرسل قبول ہے؟ 86

طعن کی بنیادی قسمیں بیان کرتے ہوئے اسباب طعن بیان کریں؟ 87

وہ کون سی علامات ہیں جن کے ذریعے حدیث کا موضوع ہونا معلوم ہوگا؟ 89

واضع کو وضع حدیث پر ابھارنے والی چیزیں کون کون سی ہے؟ 91

اسباب طعن سے متصف ہر ایک روایت کی وضاحت کریں؟ 91

اسباب طعن سے متصف ہر ایک روایت کا نام اور سسب طعن بیان کریں؟ 91

مدرج الاسناد کی قسمیں بیان کریں؟ 93

مدرج المتن کسے کہتے ہیں؟ 94

مقلوب کسے کہتے ہیں؟ 94

مزید فی متصل الاسانید کی تعریف و شرط بیان کریں؟ 95

مضطرب کی تعریف و شرائط بیان کریں؟ 96

مصحف و محرف کے درمیان فرق تحریر کریں؟ 96

کن صورتوں میں متن کا بدلنا یا اختصار کرنا درست ہے؟ 97

روایت بالمعنی کی تعریف و حکم مع اختلاف بیان کریں؟ 97

ثم الجھالۃ بالراوی وسسبھا امران۔امران کی وضاحت کریں؟ 99

قلیل الاستعمال الفاظ کی توضیح پر لکھی گی چند کتب کے نام تحریر کریں؟

تعدیل مبہم کیا ہے؟ مع حکم بیان کریں؟ 101

مجھول العین و مجھول الحال میں فرق بیان کریں؟ 101

مجھول الحال کا دوسرا نام کیا ہے؟ 102

حدیث مرفوع کی اقسام بالتفصیل مع مثال بیان کریں؟ 106

صیغہ محتملہ سے کیا مراد ہے؟ 108

جن لوگوں نے من السنۃ کذا وغیرہ کو مرفوع ماننے سے انکار کیا ان کا رد اور ان کے شبہات کا جواب تحریر کریں 109

بعض راوی مرفوع حدیث میں " قال رسول اللہ "کا ذکر نہیں فرماتے اسکی کیا وجہ ہے؟109

صحابی کی تعریف زینت قرطاس کیجئے؟ 111
صحابی کی تعریف میں لقاء سے کیا مراد ہے؟ 111
مسند کی تعریف کیا ہے؟ 116
راویوں کی قلت و کثرت کے اعتبار سے سند کی اقسام تحریر کریں؟ 115
سند عالی کے اعتبار سے خبر کی اقسام مع تعریفات بیان کیجئے 116
سند عالی کے مقابل سند کا نام تحریر کریں؟ 118
عُلُو نسبی کی تعریف مع اقسام وضاحت کریں؟ 117
روایۃ الاقرہان، روایۃ المدبج، اور روایۃ الاکابر عن الاصاغر کی تعریفات قلمبند فرمائے؟ 118
سابق ولاحق سے کیا مراد ہے؟ 120
دو راویوں کی وفات کے درمیان زیادہ سے زیادہ کتنی مدت ضروری ہے؟ 120
حدیث مسلسل کسے کہتے ہیں؟ 122
**صیغ الاداء المشار الیہ علی ثمانی مراتب** ثمانی مراتب کی وضاحت کریں؟ 123
تحدیث واخبار کے درمیان فرق بیان کریں؟ 124
تحدیث کی اصطلاح خاص کس کی وضع کردہ ہے؟ 124
راوی جمع کا صیغہ استعمال کرے تو یہ کس بات کی دلیل ہے؟ 124
سماع افضل ہے یا قراۃ علی الشیخ وضاحت کیجئے 125
انباء کے لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کیجئے؟ 125
عنعنۃ المعاصر کے کیا مراد ہے اور یہ کس پر محمول ہے؟ 125
مکاتبہ ومشافہۃ اور مناولۃ سے کیا مراد ہے؟ 126
مناولہ میں روایت کی صحیح ہونے کی شروط وصورت بیان کیجئے 126
وجادہ کے لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کرتے ہوئے اسکی اقسام بیان کیجئے 127
وصیت بالکتاب کی تعریف وحکم زینت قرطاس کیجئے 127
اعلام کی تعریف اور حکم لکھیں 127
اجازۃ مجہول ومعدوم کی تعریف مع حکم تحریر کیجئے 128
متفق اور متفرق کی تعریف اور اسکی معرفت کا فائدہ بیان کیجئے 129
موتلف اور مختلف کی تعریف لکھیئے؟ 130
متشابہ رواۃ کی تعریف قلمبند کیجئے 131
طبقات روایت کی تعریف اور اسکی معرفت کا فائدہ لکھیں؟ 134
ارباب حدیث کے نزدیک فن کے اہم امور کیا ہیں؟ 148
مراتب جرح مع وضاحت فرمائیے؟ 136
تعدیل سے کیا مراد ہے؟ 138
نزھۃ النظر کی روشنی میں سماع حدیث کا طریقہ بیان کیجئے 137

**نوٹ**: مذکورہ بالا سوالات کے مطابق عربی عبارت حل کروائی جائے مکمل کتاب نہیں پڑھائے جائے۔